تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 2, 2023

# پریس ریلیز

## جی ٹوینٹی ایونٹ: جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہم نصابی معیشت اور ریسورس ایفی شی انسی کے موضوع پر توسیعی خطبے کا انعقاد

فیکلٹی آف ایکسٹکس جامعہ ملیہ اسلامیہ نے فیکلٹی آف انجینئرنگ کے اشتراک سے انجینئرنگ فیکلٹی میں 'کریکولر ایکونومی اینڈ ریسورس ایفی شی انسی' کے موضوع پر ستائیس فروری دوہزار تئیس کو ایک توسیعی خطبے منعقد کیا۔

پروفیسر منی تھامس اور پروفیسر حنا ضیانے ٹیری (دی انرجی اینڈ ریسورسیز انسٹی ٹیوٹ) نئی دہلی میں واقع ایک سرکردہ تھنک ٹینک کے ایسو سی ایٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر سووک بھٹاچاریہ کا استقبال کیا۔ پروفیسر منی تھامس نے روزمرہ کی زندگی سے دومثالیں دیتے ہوئے ہندوستانیوں کے روایتی کفایت پسندی کو واضح کرتے ہوئے اسے برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ پروفیسر حنا ضیانے استعمال اور طرز حیات کے لینئر ماڈل سے نکل کر کریکولر اپروچ کی طرف بڑھنے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔

ڈاکٹر سووک بھٹاچاریہ نے مختلف پس منظروں والے ایک سو پچاس سامعین کے سامنے جس میں آرکی ٹیکچر، پلاننگ، ڈیزائن، سول انجینئرنگ، میکانیکل اور الیکٹریکل انجینئرنگ ورانوائرومنٹل سائنسز کے طلباشامل تھے ایک بھرپور لیکچر دیا۔ انھوں نے کریکولر ایکونومی ایسا سسٹم سولیوشن فریم ورک ہے جو آب وہوا کی تبدیلی، بایوڈائیورسٹی کے زیاں، فضلات اور آلودگی جیسے عالمی چیلنجز سے نمٹتا ہے۔ انھوں نے اپنی تقریر میں آٹوموبائلز، الیکٹرک گاڑیوں، ویسٹ مینجمنٹ اور تعمیرات جیسے متنوع سیکٹرز سے مثالیں دیں۔ تقریر کے بعد سوال وجواب کا اہم اور مزیدار سیشن ہوا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی